امام بیہقی کی کتاب حیاۃ الانبیاء کی مثالی شرح

آپ صلی اللہ علیہ وسلم زندہ ہیں واللہ

محدث کبیر، مناظر اسلام، محقق دوراں
علامہ محمد عباس رضوی

مکتبۃ المدینۃ المنورہ ○ حافظ آباد

امام بیہقی کی کتاب ''حیاۃ الانبیاء'' کی مثالی شرح

آپ صلی اللہ علیہ وسلم زندہ ہیں واللہ

محدث کبیر، مناظر اسلام، محقق دوراں،

حضرت علامہ مفتی **محمد عباس** صاحب رضوی مدظلہ العالی

ناشر

مکتبۃ المدینۃ المنورۃ مکتبہ قادریہ

کسوکے روڈ مکہ مارکیٹ حافظ آباد: 0431-237699 سرکلر روڈ گوجرانوالہ

باسمه تعالی

نام کتاب: آپ صلی اللہ علیہ وسلم زندہ ہیں واللہ

تالیف: محدث کبیر علامہ محمد عباس رضوی صاحب مدظلہ العالی

پروف ریڈنگ: خادم مناظر اسلام قاری محمد ارشد مسعود اشرف چشتی

کمپوزنگ: قادری کمپوزنگ سنٹر میلاد چوک سرکلر روڈ گوجرانوالہ

ایڈیشن: دوئم ۲۰۰۴ء

قیمت.......................... ۲۰۰

ملنے کے پتے

شبیر برادرز لاہور : ضیاء القرآن پبلی کیشنز لاہور

مکتبہ جمال کرم لاہور: مکتبہ اعلیٰ حضرت لاہور

مکتبہ قادریہ لاہور: سنی کتب خانہ لاہور

مکتبہ رضائے مصطفٰے چوک دارالسلام گوجرانوالہ فرید بک سٹال لاہور

فیضان مدینہ پبلی کیشنز کاموں کے مسلم کتابوی لاہور

مکتبۃ المدینۃ المنورۃ مکہ مارکیٹ حافظ آباد: مکتبہ قادریہ سرکلر روڈ گوجرانوالہ

....

وھو عندی ممن لا یتعمد الکذب۔ میرے نزدیک وہ جھوٹ نہیں بولتا۔

(میزان الاعتدال ۱:۴۸۲)

اور امام عبدالرحمٰن مھدی نے اس پر جرح سے رجوع فرمالیا تھا۔آپ فرماتے ہیں:

تفکرت فیه اذا کان یوم القیامة قام متعلق بی وقال: رب سل عبدالرحمن فبم اسقط عدالتی؟ وما کان لی حجة عند ربی. فرأیت ان احدّث عنه.

(میزان الاعتدال ۱:۴۸۳)

میں نے غور وفکر کیا کہ جب قیامت کا دن ہوگا تو یہ شخص کھڑا ہو کر میرے متعلق کہے گا۔ کہ اے رب عبدالرحمٰن سے پوچھ کہ اس نے کیوں میری عدالت ساقط کی تو میرے پاس اس پر جرح کی کوئی دلیل نہیں ہوگی۔ پس میں نے دیکھا کہ اس سے روایت لینی چاہیئے۔

اگر اس راوی کی روایت ضعیف بھی ثابت ہو جائے تب بھی کوئی جرح نہیں کیونکہ یہ فضیلت ہے اور فضائل میں ضعیف حدیث بالاتفاق قبول ہے۔

جب دیگر انبیاء کرام کی سماعت وبصارت کا یہ حال ہے تو سب نبیوں کے امام وسردار حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سماعت وبصارت کا کیا حال ہوگا۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی بصارت

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

ان الله قد رفع لی الدنیا فأنا انظرا لیها والی ماھو کائن فیھاالی یوم القیامة کانما انظر الی کفی ھذہ.

بے شک اللہ عزوجل نے ساری دنیا میرے سامنے کردی ہے تو میں اسے اور جو کچھ اس میں قیامت تک ہونے والا ہے سب کو ایسے دیکھ رہا